# وقف کا بیان

وقف کا معنیٰ: ٹھہرنا، رکنا

وقف کہتے ہیں کسی لفظ کے آخری حرف پر سانس اور آواز توڑ کر تھوڑی دیر کے لئے ٹھہر جانا۔

قرآن پاک کی تلاوت میں وقف کرتے وقت دو باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

ا۔ ایک یہ کہ وقف کسی ایسی جگہ پر کرے جہاں وقف کی کوئی معتبر علامت ہو۔

۲۔ دوسری یہ کہ قاعدہ اور طریقہ کے مطابق کرے۔

وقف کو صحیح طریقے سے کرنے کے لئے وقف میں تین باتوں کا ہونا ضروری ہے۔

ا۔ حرف متحرک کا ساکن کرنا۔ ۲۔ آواز کا توڑ دینا۔ ۳۔ سانس کا توڑ دینا۔

تشدید والا حرف جس طرح ملاتے وقت دیر لگ کر ادا ہوتا ہے اسی طرح وقف میں بھی وہ دیر لگ کر ہی ادا ہوتا ہے۔ مثال: مُسْتَمِرٌّ

آیئے اب جانتے ہیں کہ وقف کیسے کرنا چاہئے۔ کہاں کرنا چاہئے یہ ان شاء اللہ ہم پڑھیں گے۔

سات چیزیں وقف کی وجہ سے ساکن ہو جاتی ہیں۔

| زبر | زیر | پیش | دوزیر | دوپیش | کھڑا زیر | الٹا پیش |
|---|---|---|---|---|---|---|

**وہ سات چیزیں جو وقف کی وجہ سے ساکن ہو جاتی ہیں ان کی مثالوں کے ساتھ مشق کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| زبر | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ | زیر | الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ |
| پیش | اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ | دوزیر | فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ |
| دوپیش | وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ | کھڑا زیر | اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ |
| الٹا پیش | وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ | | |

AzanGuru

سات چیزیں وقف میں باقی رہتی ہیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الف مدہ | و مدہ | ی مدہ | ولین | ی لین | کھڑا زبر | جزم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف مدہ | بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا | و مدہ | وَجَزَاهُم بِمَا صَبَرُوا |
| ی مدہ | وَادْخُلِي جَنَّتِي | ولین | مِنَ الَّذِينَ ءَامَنُوا وَتَوَاصَوْا |
| ی لین | أَن تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ | کھڑا زبر | وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ وَأَخِيهِ أَن تَبَوَّآ |
| جزم | لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ | | |

پانچ چیزیں ان دو قاعدوں سے ہٹ کر ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | سانس توڑتے وقت دو زبر کو الف سے بدل دیا جاتا ہے۔ | فَوَسَطْنَ بِهِ جَمْعًا |
| ۲ | ۃ پر سانس ٹوٹے تو اس کو ہ بنا دیا جاتا ہے۔ | إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ |
| ۳ | الٹا پیش اگر و کے اوپر آئے تو وقف کی حالت میں باقی رہے گا۔ | وَمَا يَعْبُدُونَ إِلَّا اللّٰهَ فَأْوٗا |
| ۴ | کھڑا زیر اگر ی کے نیچے آئے تو وقف کی حالت میں باقی رہے گا۔ | إِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِۦ |
| ۵ | خالی ی سے پہلے اگر زبر ہو تو وہ وقف کی حالت میں کھڑا زبر ہو جائے گا۔ | أَرَءَيْتَ الَّذِي يَنْهَىٰ |

## نیچے موجود سبھی سوالوں کے صحیح جواب پر نشان لگائیں؟

| ان آیات پر وقف کریں اور آگے تین آپشن میں سے ایک پر کلک کریں | صحیح آپشن پر کلک کریں | | |
|---|---|---|---|
| قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ | حرکت کو ساکن | حرکت باقی | حرف تبدیل |
| وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ | حرکت باقی | حرف تبدیل | حرکت کو ساکن |
| قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ | حرکت باقی | حرکت کو ساکن | حرف تبدیل |
| سَيَصْلَىٰ نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ | حرکت کو ساکن | حرکت باقی | حرف تبدیل |
| إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ | حرکت باقی | حرف تبدیل | حرکت کو ساکن |
| الَّذِي أَطْعَمَهُم مِّن جُوعٍ وَءَامَنَهُم مِّنْ خَوْفٍ | حرکت باقی | حرکت کو ساکن | حرف تبدیل |
| فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ | حرکت کو ساکن | حرکت باقی | ہ بن جائے گی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ | حرکت باقی | حرف تبدیل | حرکت کو ساکن |
| فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا | حرکت کو ساکن | حرکت باقی | الف تبدیل |
| يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا | حرکت باقی | حرف تبدیل | حرکت کو ساکن |
| أَلَمْ يَعْلَم بِأَنَّ اللّٰهَ يَرٰى | حرکت باقی | حرکت کو ساکن | حرف تبدیل |
| أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوٰى | حرکت باقی | حرف تبدیل | حرکت کو ساکن |
| فَادْخُلِي فِي عِبَادِي | حرکت باقی | حرکت کو ساکن | حرف تبدیل |
| إِذْ نَادٰهُ رَبُّهُ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى | حرکت باقی | حرف تبدیل | حرکت کو ساکن |
| مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا | حرکت باقی | حرکت کو ساکن | حرف تبدیل |
| يَقُولُ يٰلَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي | حرکت باقی | حرف تبدیل | حرکت کو ساکن |
| فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ | حرکت باقی | حرکت کو ساکن | حرف تبدیل |

AzanGuru